22901 ـ برائی پر مشتمل وقف کا حکم

سوال

میرے ایك قریبی عزیز نے اپنی زمین وقف کی کہ اس سے ہونے والی آمدن سے جانور خریدیں جائیں اور ہر بر رجب کے مہینہ میں دعوت تیار کی جائے اور اس ماہ میں فقراء میں کھانا تقسیم کیا جائے، اور اس وقف کا نگران بھی وہ ہو گا، اس نے پچھلے برس وقف کا غلہ صرف نہیں کیا اور اب اس وقت کے حکم کے متعلق دریافت کر رہا ہے، اور یہ وقف جائز نہیں تو ہر برس اس سے پیدا ہونے والے غلے کا کیا کیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

وقف کی نگرانی کرنے والے کو کہیں کہ:

وقف سے ہونے والی آمدنی سے جانور خرید کر فقراء و مساکین میں تقسیم کردے، اور اس کے لیے رجب کا مہینہ خاص نہ کرے، بلکہ کسی بھی مہینہ میں تقسیم کرے، کیونکہ جب وقف کسی برائی پر مشتمل ہو تو اس برائی کے علاوہ باقی کام مکمل کیا جائے گا.

اس وقف میں ممنوعہ چیز رجب کا مہینہ جانور ذبح کرنے کے لے خاص کرنا ہے، لھذا اس سے اجتناب کیا جائے، اور کسی دوسرے ماہ میں جانور ذبح کر کے فقراء و مساکین میں تقسیم کر دیے جائیں, جیسا کہ وقف کرنے والے نے تحدید کی ہے .